کتابوں کی مزید تفصیلات More about the Books

القلم فاؤنڈیشن نے مدارس کی تعلیم کے لئے دینی اور عصری تعلیم کی تدریس کا ایک ایسا نظام تیار کیا ہے جس میں دونوں تعلیم ایک ہی وقت میں دی جاسکتی ہیں۔ اس کا نام ماڈل مدرسہ نظام (Model Madrasa System) ہے۔ یہ نظام درجہ مبتدی سے 12 ویں درجہ (KG to XII) تک ہے اور نئی تعلیمی نظام سے مطابقت رکھتا ہے۔ اس کا میڈیم اردو ہے۔ اس کے علاوہ شروع ہی سے بچہ کو چار زبانوں میں Listening, Speaking, Reading & Writing (LSRW) یعنی سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت پیدا ہو جائیگی۔ ان کی تفصیلات حسبِ ذیل ہیں:

Books of Pre-Primary (KG) (درجہ مبتدی کی کتابیں)

1. تعلیمی و تربیتی نصاب (دینیات)
2. آؤ عربی سیکھیں
3. Model Math Workbook
4. Writing Skill کی چار کتابیں:
   a. Arabic-Urdu Writing Book-1 (پہلے دس ہفتہ کے لئے)
   b. Arabic-Urdu Writing Book-2 (دوسرے دس ہفتہ کے لئے)
   c. English Writing Book (تیسرے دس ہفتہ کے لئے)
   d. Hindi Writing Book (چوتھے دس ہفتہ کے لئے)

Writing Skill کی چار کتابیں نورانی قاعدہ کا بدل ہیں۔ ان میں پڑھنے کے ساتھ لکھنے کی بھی مشقیں ہیں تاکہ بچوں کو پڑھنے کے ساتھ لکھنا بھی آجائے۔ مزید تفصیلات (اردو اور انگریزی زبان میں) کتابوں میں لکھی ہوئی ہیں۔ ان کی مدد سے بچے ایک سال میں چاروں زبانیں (اردو، عربی، انگریزی، اور ہندی) لکھنے کے قابل ہو جائیں گے۔ بلکہ نورانی قاعدہ الگ سے لینے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

تعلیمی و تربیتی نصاب (دینیات) کی کتاب میں مندرجہ ذیل صفحات پر خصوصی توجّہ دیں:

صفحہ 2- اظہار تشکر: اس میں نصاب کا مختصر تعارف ہے

صفحہ 3- پر نصاب کا خاکہ

صفحہ 3-10 اساتذہ کے لئے اہم ہدایات

صفحہ 112- (آخری صفحہ): مدرسہ کا Sample Time Table

صفحہ 111: ہاسٹل کا Sample Time Table

درجہ مبتدی میں ٹائم ٹیبل (صفحہ 112) کے مطابق پہلے اور دوسرے گھنٹہ میں نورانی قائدہ پڑھانا اور لکھوانا ہے، تیسرے اور چوتھے گھنٹہ میں دینیات اور آداب زندگی ہے، چوتھے گھنٹہ میں 60 منٹ کا Interval ہے۔ اس میں اردو (مادری زبان) بولنا منع ہے۔ صرف عربی اور انگریزی ہی بولنا ہے۔

نورانی قاعدہ لکھنا اور پڑھنا: ابھی تک سارے دن بچہ صرف نورانی قاعدہ ہی پڑھتا تھا۔ ہمارے اس نظام میں اسے پڑھنا اور پھر جو پڑھا ہے اسے لکھنا بھی ہے۔ لکھنے کی مشق کے لئے 4 کتابوں کے بارے میں صفحہ 3- پر نصاب کے خاکہ میں دی ہوئی ہیں۔ یعنی Writing Skill Books . یہ 4 کتابیں دس-دس ہفتہ کی ہیں اور اس ترتیب سے (4،3،2،1) استعمال کرنی ہیں:

Writing Skill کی چار کتابیں:

i. Arabic-Urdu Writing Book-1 (پہلے دس ہفتہ کے لئے)

ii. Arabic-Urdu Writing Book-2 (دوسرے دس ہفتہ کے لئے)

iii. English Writing Book (تیسرے دس ہفتہ کے لئے)

iv. Hindi Writing Book (چوتھے دس ہفتہ کے لئے)

مزید یہ کہ ایک دن میں صرف ایک ہی مشق (Exercise) کرنی ہے۔ اور ہر مشق کو تین دفع پینسل سے کرنا ہے۔ تفصیل کتابوں میں دی ہوئی ہے۔

اس طرح ایک سال میں بچہ نورانی قائدہ ختم کرنے کے ساتھ 4 زبانوں میں Listening, Speaking, Reading & Writing (LSRW) سیکھ جائیگا۔

ان کتابوں میں جو تصویریں دی ہیں ان کے نام عربی اور انگریزی میں ہیں۔ دوسری کتاب میں ان کو بھی لکھوایا ہے۔ اس طرح بچہ کو اپنے اطراف کی کافی چیزوں کا نام بھی یاد ہو جائینگے۔

دینیات پڑھانا: ہر باب کے شروع میں اسکے عام مقاصد بیان کیے گئے ہیں، اور ہر سبق کے شروع میں اس کا خاص مقصد بھی بیان کیا گیا ہے تاکہ استاد کے ذہن میں اپنا مقصد واضح ہو اور وہ اسی طرح پڑھائے۔

پڑھانے کا طریقہ اور ٹریننگ: تمام پڑھائی بورڈ پر لکھ کر ہو گی۔ القلم فاؤنڈیشن اساتذہ کو پڑھانے کی ٹریننگ دے گی۔

عربی اور حساب: اس کو بھی تفصیل سے ٹریننگ میں بتایا جائیگا۔

Computer & Martial Art: یہ بھی نصاب میں داخل ہیں۔

بقیہ تفصیل: مبتدی (KG) کے طرز پر بقیہ پرائمری درجات کا نصاب مرتب کیا گیا ہے۔

قرآن: ناظرہ قرآن: درجہ 1 سے 4 تک پورا ہو جائیگا اور 2 پارے حفظ بھی ہو جائیں گے۔

حفظ قرآن: حفظ قرآن درجہ 5 سے 8 تک (3 + 1year) پورا ہو گا اور ایک ساتھ حفظ اور درجہ 8 کی اسناد ملیں گیں۔

مولوی کی سند: یہ درجہ 11 میں ملے گی۔

درجہ 12: Senior Secondary Certificate

آپ سے گزارش ہے کہ اس نظام کو اور کتابوں کو اپنے مدارس / اسکول میں جہاں مناسب ہو استعمال فرمالیں اور دوسرے مدارس کو بھی اس طرف متوجہ فرمادیں۔

مزید تفصیلات اور گفتگو کے لئے جب آپ کے پاس وقت ہو مجھے فون کرلیں ان شاءاللہ بندہ مزید معلومات فراہم کردیگا۔